## اللہ کرے کہ یہ عیدالاضحیٰ استحکام پاکستان اور ملک کے تمام غریبوں اور ظلم کے ستائے ہوئے لوگوں کیلئے خوشحالی اور خوشیوں کا پیغام لیکر آئے۔الطاف حسین

## عید کی خوشیوں کو قربان کر کے محنت ولگن سے کام کرنے والے کارکنوں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں

## مجھے یقین ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان قربانی کی کھالیں جمع کرنے کا ماضی کا ریکارڈ توڑ دیں گے

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ پر ذمہ داران، کارکنان، ارکان اسمبلی، وزراء اور مختلف شعبوں کے ارکان سے گفتگو

## سندھ، پنجاب، سرحد، بلوچستان، گلگت بلتستان، شمالی علاقہ جات، فاٹا اور آزاد کشمیر کے تمام کارکنوں کو شاباش اور خراج تحسین

لندن۔۔۔28نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے دعا کی ہے کہ اللہ کرے کہ یہ عیدالاضحیٰ پاکستان کے استحکام اور ملک کے تمام غریبوں، محروموں اور ظلم کے ستائے ہوئے لوگوں کیلئے خوشحالی اور خوشیوں کا پیغام لیکر آئے۔انہوں نے یہ بات ہفتہ کی شب کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ پر ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں، ارکان اسمبلی، وزراء اور مختلف شعبوں کے ارکان سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے تحریک کے تمام کارکنان اور سندھ، پنجاب، سرحد، بلوچستان، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر، فاٹا سمیت ملک بھر کے تمام عوام ماؤں، بہنوں، بزرگوں، بچوں اور تحریک کے تمام کارکنوں کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی۔انہوں نے کہا کہ تحریک کے کارکنان اپنی عید کی خوشیوں کو قربان کرتے ہوئے خدمت خلق کے سب سے بڑے ادارے کیلئے جس طرح محنت ولگن سے کام کررہے ہیں اس پر میں انہیں دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں ثابت قدم رکھے۔انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار محنت و جانفشانی سے کام کرتے ہوئے اس مرتبہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کیلئے ماضی سے زیادہ قربانی کی کھالیں جمع کریں گے اور ماضی کا ریکارڈ توڑ دیں گے۔ جناب الطاف حسین نے تحریک کے تمام شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا اور شہداء کے لواحقین اور لاپتہ کارکنوں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے کراچی سمیت سندھ بھر کے تمام یونٹوں، سیکٹروں، زونوں اور پنجاب، سرحد، بلوچستان، گلگت بلتستان، شمالی علاقہ جات، فاٹا اور آزاد کشمیر کے اضلاع کے تمام کارکنوں کو شاباش اور خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، سینیٹرز، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، وزراء، تمام حق پرست ناظمین اور کونسلروں کو بھی کارکنوں کے ساتھ محنت ولگن کے ساتھ کام کرنے پر خراج تحسین پیش کیا۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی اور شعبہ جات کے اراکین نے عیدالاضحیٰ کی نماز جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ادا کی

## نائن زیرو اور جناح گراؤنڈ میں عوام و کارکنان سے عید ملی اور انہیں الطاف حسین کی جانب سے عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی

## الطاف حسین کی جانب سے نائن زیرو پر قربانی کے جانور کو ذبح کیا گیا

کراچی۔۔۔28نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، حق پرست ارکان اسمبلی، مختلف ونگز اور شعبہ جات کے اراکین نے عیدالاضحیٰ کی نماز عزیز آباد کے تاریخی جناح گراؤنڈ میں ادا کی۔نماز عید کی ادائیگی کرنے والوں میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس احمد قائم خانی، اراکین رابطہ کمیٹی کنور خالد یونس، ڈاکٹر نصرت، سلیم تاجک، ڈاکٹر صغیر احمد، شکیل عمر، توصیف خانزادہ، سیف یار خان، کیف الوری حق پرست وزراء سردار احمد، عبدالحسیب، خالد بن ولایت، خواجہ اظہار الحسن، ارکان اسمبلی سفیان یوسف، وسیم اختر، ندیم احسان، شیخ صلاح الدین اور گلبرگ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد کمال سمیت عوام و کارکنان بڑی تعداد میں شامل تھے۔عیدالاضحیٰ کی نماز مفتی اظہر عالم صدیقی نے پڑھائی۔ بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی، دہشت گردی کے خاتمے، امن وامان کے قیام کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔ نماز عید کی ادائیگی کے بعد رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء اور اراکین اسمبلی نے جناح گراؤنڈ عزیز آباد اور ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر عوام وکارکنان سے عید ملی اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد پیش کی۔

دریں اثناء عیدالاضحیٰ کے پہلے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے قربانی کے جانور کو ذبح کیا گیا۔قربانی کے جانور پر چھری ایم کیوایم

کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری نے پھیری۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار،انیس احمد قائم خانی اور دیگر اراکین رابطہ کمیٹی بھی موجود تھے۔بعدازاں قربانی کے جانور کا گوشت غرباء،مساکین اور مستحقین میں تقسیم کر دیا گیا۔

## عیدالاضحیٰ کے پہلے روز کراچی،اندرون سندھ،صوبہ پنجاب،سرحد،بلوچستان،آزادکشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام نے بہت بڑی تعداد میں چرم قربانی متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کیلئے عطیہ کیں

کراچی۔۔۔28،نومبر 2009ء

عیدالاضحیٰ کے پہلے روز کراچی،اندرون سندھ،صوبہ پنجاب،سرحد،بلوچستان،آزادکشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام نے بہت بڑی تعداد میں چرم قربانی متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کیلئے عطیہ کیں۔تفصیلات کے مطابق چرم قربانی کے حصول کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت کراچی کے علاقے فیڈرل بی ایریا بلاک نمبر 6 میں واقع ایک وسیع گراؤنڈ میں مرکزی کیمپ قائم کیا گیا تھا جبکہ شہر کے مختلف علاقوں میں سیکٹر اور یونٹ کی سطح پر دو ہزار سے زائد کلیکشن پوائنٹ بنائے گئے تھے۔قربانی کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کرنے کے حوالے سے عوام میں زبردست جوش وخروش دیکھنے میں آیا،لوگوں کی بڑی تعداد نے اپنی ذاتی گاڑیوں،موٹر سائیکلوں،رکشوں،سائیکلوں اور پیدل بھی قربانی کی کھالیں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو اور شہر بھر میں قائم کلیکشن پوائنٹ پر پہنچائیں اور یہ سلسلہ رات گئے تک جاری رہا۔مرکزی کلیکشن پوائنٹ سمیت شہر بھر میں سیکٹر اور یونٹ کی سطح قائم کئے گئے کلیکشن پوائنٹس پر چرم قربانی کے ڈھیر لگ گئے۔ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں پر مشتمل سینکڑوں ٹیمیں چرم قربانی کے کاموں میں مصروف رہیں جبکہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار،انیس احمد قائم خانی،رابطہ کمیٹی کے اراکین طارق میر،ڈاکٹر نصرت،شکیل عمر،وسیم آفتاب،شاہد لطیف،نیک محمد،اشفاق منگی،توصیف خانزادہ،کیف الوریٰ،شاکر علی،سلیم تاجک،ڈاکٹر صغیر،سیف یار خان،کنور خالد یونس سمیت ایم کیوایم کے سینیٹرز،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،وفاقی وصوبائی وزراء،مشیران،ٹاؤن ناظمین،نائب ناظمین،کونسلر اور نے قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے کاموں میں حصہ لیا اور کارکنان ورضا کاروں کے درمیان ہی موجود رہے جبکہ اسی طرح رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار،رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری،ڈاکٹر صغیر احمد اور رضا ہارون نے شہر کے مختلف علاقوں میں قائم چرم قربانی جمع کرنے کے مراکز کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کے کارکنوں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں سے ملاقات کر کے ان سے چرم قربانی کے حصول کی تفصیلات معلوم کیں اور کارکنوں اور رضا کاروں کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی نے چرم قربانی لیکر آنے والے لوگوں سے از خود شکریہ کے ساتھ قربانی کی کھالیں وصول کیں اور ان کے جذبے کو سراہا۔کراچی کی طرح اندرون سندھ،صوبہ پنجاب،صوبہ سرحد،صوبہ بلوچستان،آزادکشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام نے چرم قربانی کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کیں اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کا دائرہ کار مزید بڑھائے۔

☆☆☆☆☆